دعوتِ اسلامی کے تحصیل مشاورت نگران کے لیے تنظیمی
ذمہ داریوں، جدول اور تربیتی مدنی پھولوں پر مشتمل رہنما تحریر

# تحصیل مشاورت نگران کی تنظیمی ذمہ داریاں

(صفحات: 35)




انسان کا منصبِ اصلی 03
نگران بننے کے دینی و دنیوی تقاضے 09
تحصیل مشاورت نگران کی تنظیمی ذمہ داریاں 18



پیشکش:
المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center
پاکستان مشاورت آفس
(دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# تحصیل مشاورت نگران کی تنظیمی ذمہ داریاں

## دُرُود شریف کی فضیلت

پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ عالی شان ہے: "صَلَاتُکُمْ عَلَیَّ مُحْرِزَۃٌ لِدُعَائِکُمْ وَمَرْضَاۃٌ لِرَبِّکُمْ وَزَکَاۃٌ لِاَعْمَالِکُمْ یعنی تمہارا مجھ پر درود پاک پڑھنا تمہاری دعاؤں کی حِفاظت کرتا، ربّ کو راضی کرتا اور تمہارے اَعمال پاک کرتا ہے۔"[1]

| | |
|---|---|
| تعریف میں جو کرتا ہوں خَیرُ الانام کی | عزّت بلند ہوتی ہے میرے کلام کی |
| میری لحد میں لائیں گے تشریف مصطفٰے | عادت بنا رہا ہوں درود و سلام کی |

صلّوا علی الحبیب صلّی اللّٰہُ علٰی محمد

## نگران بننے کی برکتیں اور اس کے تقاضے

### انسان کا منصبِ اصلی

اللہ پاک نے قرآنِ کریم میں کئی مقامات پر بندوں کے لیے اپنی بے شمار نعمتوں کا ذِکر فرمایا تا کہ انسان ان نعمتوں کو یاد کر کے اللہ پاک کا مطیع و فرماں بردار بنے اور معصیت ونافرمانی سے دور رہے۔ ان نعمتوں میں سے ایک بہت بڑی نعمت یہ بھی ہے کہ انسانوں کے جدِّ اعلیٰ حضرت آدم علیہ السّلام کو اللہ پاک نے اپنا خلیفہ اور نائب بنا کر اپنی صورت پر پیدا فرمایا ہے۔ حتّٰی کہ تمام اَشیا کے ناموں کا علم عطا کر کے مسجودِ ملائکہ اور جنّت کا مکین بنایا اور پھر

1 ...مسند الفردوس، 2/ 391، حدیث: 3739، دار الکتب العلمیہ بیروت



www.dawateislami.net

اس پر مزید کرم یہ فرمایا کہ اپنی خِلافت کو جاری فرمانے کے لیے انہیں زمین پر اتارا اور اس خلافت کو آپ کی اولاد میں جاری فرمادیا۔ زمین پر انسان کا اَصْل مَنصَب اللہ پاک کا نائِب اور خلیفہ ہونا ہے۔ چنانچہ اللہ پاک نے قرآنِ کریم میں ارشاد فرمایا:

وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓىٕكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةًؕ (پ1، البقرۃ:30)

ترجَمۂ کنزالعرفان: اور یاد کرو جب تمہارے ربّ نے فرشتوں سے فرمایا: میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں۔

صحابیِ رسول حضرت عبدُ اللہ بن مسعود رضی اللہُ عنہ اور سُلطانُ المفسِّرین حضرت عبدُ اللہ بن عباس رضی اللہُ عنہما اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں: حضرت آدم علیہ السّلام اور جو بھی ان کے قائم مقام یعنی نائب ہونے کی اہلیت رکھتا ہو وہ زمین میں اللہ پاک کا خلیفہ ہے۔[1]

اسی طرح ایک اور مقام پر منصبِ انسانی بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

وَ یَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَؕ (۶۲) (پ20، النمل:62)

ترجَمۂ کنزالعرفان: اور تمہیں زمین کا وارث کرتا ہے۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ تم بہت ہی کم نصیحت حاصل کرتے ہو۔

ان دونوں آیات میں انسان کے لیے لفظ خلیفہ استعمال ہوا، اس سے معلوم ہوا کہ انسان کا اس دنیا میں اصل مَنصب خلیفۃُ اللہ ہونا ہے۔ علمائے کرام رحمۃُ اللہِ علیہم فرماتے ہیں: اللہ پاک کے سب سے بڑے خلیفہ، نائبِ اکبر ہمارے پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہیں، آپ کے بعد سارے انبیائے کرام علیہمُ السّلام بھی اللہ پاک کے خلیفہ ہیں۔[2]

---

1 ... تفسیر طبری، پ1، البقرۃ، تحت الآیۃ:30، 1/ 237 ملخصاً، دار الکتب العلمیہ بیروت۔

2 ... تفسیر روح المعانی، پ1، البقرۃ، تحت الآیۃ:30، جز:1، 1/ 298 ملخصاً، دار احیاء التراث العربی بیروت۔



www.dawateislami.net

## خِلافتِ الٰہیہ کا مَعنیٰ

تفسیرِ ماوَرْدِی میں ہے: خلیفہ سے مراد حضرت آدم علیہ السّلام کی اولاد میں سے وہ افراد ہیں، جو ایک دوسرے کے بعد دنیا میں آتے رہیں اور اپنے والِد حضرت آدم علیہ السّلام کے نائب بن کر حق کو قائم کر کے زمین کو آباد کرتے رہیں۔[1]

حضرت آدم علیہ السّلام کو خلیفہ بنائے جانے کی وجہ یہ تھی کہ وہ اللہ پاک کے اَحکام اور اس کے فیصلے زمین پر نافِذ کریں۔[2] لہٰذا اب یہی مَنصَب آپ کی اَولاد کے سپرد ہے، جسے ہر انسان کو اپنی وسعت و طاقت کے مطابق اَنجام دینا ہو گا۔ مثلاً: ۞ اللہ پاک نے نَماز کا حکم دیا، تو اس منصب کا تقاضا ہے کہ میں خود بھی نمازی بنوں، دوسروں کو بھی نَمازی بناؤں ۞ اللہ پاک نے روزے رکھنے کا حکم دیا، میں خود بھی روزے رکھوں، دوسروں کو بھی روزہ دار بناؤں ۞ اللہ پاک نے حج کا حکم دیا، اگر شرائط پائی جاتی ہیں تو میں خود بھی حج کروں اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دوں ۞ اللہ پاک نے سودی لین دین سے منع فرمایا ہے، لہٰذا میں خود بھی اس آفت سے بچوں اور دوسروں کو بھی بچاؤں۔ غرض کہ اپنی طاقت کے مطابق، اللہ پاک کے بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق حکمتِ عملی کے ساتھ خود پر بھی اور دوسروں پر بھی اللہ پاک کے احکام نافِذ کرنے کے مَنصب کو خِلافت کہتے ہیں۔ نیز سادہ لفظوں میں اس کا مطلب ہوا کہ اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنے والا خلافتِ الٰہیہ کے منصب پر فائز ہے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** ہم نگران ہوں یا ماتحت، ذیلی مشاورت میں ہوں یا صوبائی

---

1 ... تفسیر ماوردی، پ 1، البقرۃ، تحت الآیۃ: 30، 1 / 95، دار الکتب العلمیہ بیروت۔

2 ... تفسیر القرآن لسمعانی، پ 1، البقرۃ، تحت الآیۃ: 30، 1 / 64، دار الوطن ریاض۔

مُشاورت میں، تحصیل مشاورت نگران ہوں یا ڈسٹرکٹ مشاوت نگران، چاہے کسی بھی شعبے کے کسی سطح کے ذمہ دار ہوں، بہر صورت ہم سب کا اصل منصب یہی ہے کہ ہم خود اپنی بھی اصلاح کریں اور دوسروں کی اصلاح کی بھی کوشش کرتے رہیں۔ اس پر فتن دور میں اپنی اور دوسروں کی اصلاح کے لیے دعوت اسلامی کا دینی ماحول کسی نعمت سے کم نہیں کیونکہ دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں اس کے لیے 12 دینی کام کرنے کا ذہن دیا جاتا ہے۔ الحمدُ لِلّٰہ بے شمار اسلامی بھائی مختلف ذمہ داریوں پر رہ کر دِین کا کام کرتے ہیں۔

## نگران کا دائرہ کار وسیع ہوتا ہے

جس کے پاس جتنی بڑی ذمّہ داری ہوتی ہے، اُسے خدمتِ دِین کا موقع بھی اُتنا ہی زیادہ ملتا ہے۔ ذیلی مشاورت نگران کا منصب چھوٹا ہے، یوسی مشاورت نگران کا منصب بڑا اور تحصیل مشاورت نگران کا اُس سے بھی بڑا منصب ہے۔ یوں جیسے جیسے ذمّہ داری بڑھتی جائے گی، ویسے ویسے نیکی کی دعوت پر مقرّر نگران کا دائرہ بھی وسیع ہوتا جائے گا اور اُسے ثواب کمانے کے اتنے ہی زیادہ مواقع ملیں گے۔ لہٰذا کوئی ذمّہ داری ملے تو کترانے کی بجائے اچھی اچھی نیتوں سے قبول کرکے نبھانے کی کوشش کریں گے تو بہت دِینی و دُنیاوی فوائد حاصِل ہوں گے۔

## نگران بننے کے فوائد

پیارے اسلامی بھائیو! نگران بننے کے نَفسیاتی، اَخلاقی، سماجی، دِینی اور دُنیاوی بہت سارے فائدے ہیں۔ ان میں سے چند فوائد درج ذیل ہیں۔

۞ دینی ماحول میں استقامت ملتی ہے: نگران بننے سے دینی ماحول میں استِقامت ملتی ہے۔

۞ دینی مصروفیت بڑھ جاتی ہے: موجودہ دور میں یہ بھی بہت بڑی سَعادت ہے کہ آدمی کو

دینی مصروفیّت ملی رہے۔ یہ نہ ہو تو آدمی کہیں نہ کہیں گناہوں اور فضولیات میں جاہی پڑتا ہے۔ قرآنِ کریم میں نیک لوگوں کا وصف بیان ہوا: ﴿وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ۝۳﴾ ترجَمۂ کنز العرفان: اور وہ جو فضول بات سے منہ پھیرنے والے ہیں۔(پ18،المومنون:3) لہٰذا چاہئے کہ نیک مصروفیات بنائے رکھیں تا کہ شیطان گناہوں میں مبتلا نہ کر پائے۔ ❁ **ثوابِ جارِیہ کا ذریعہ:** حدیثِ پاک میں ہے: اِنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِه یعنی بھلائی کی راہ دکھانے والا بھلائی کرنے والے کی طرح ہے۔[1] نگران کا چونکہ کام ہی دوسروں کو نیکی کی دعوت دینا، خود دِین کا کام کرنا، اسلامی بھائیوں سے کام کروانا، ان کی رہنمائی کرنا ہوتا ہے۔ لہٰذا ان شاء اللہ الکریم! نگران جتنوں کو نیکی کی راہ پر لائے گا۔ جتنوں کو دینی کاموں میں ماہر بنائے گا، جتنوں کی تربیت کر کے ذمہ داری کا اہل بنائے گا، اس کے لیے ثوابِ جارِیہ کا اہتمام ہوتا رہے گا۔

## نفسیاتی فوائد

اسی طرح نگران بننے سے نفسیاتی فائدے بھی حاصل ہو جاتے ہیں، مثلاً ❁ **اپنے آپ کی پہچان (Self awareness) ہوتی ہے:** کئی ایسی صلاحیتیں جن کا خود کو علم نہیں ہوتا ذمہ داری ملنے کے بعد واضح ہوتی ہیں، کیونکہ جب کوئی لوگوں کے درمیان اترتا ہے، عوام میں اُتر کر کام شروع کرتا ہے تو بہت ساری چھپی ہوئی صلاحیتیں نکھر کر سامنے آتی ہیں، اسی طرح بہت ساری خامیاں بھی سامنے آجاتی ہیں، ایک نگران غلطیاں کرتا ہے، اور اپنی غلطیوں سے سیکھتا ہے، یوں اسے آہستہ آہستہ اپنی غلطیاں درست کرنے کا موقع ملتا ہے۔ ❁ **فیصلے کرنے کی مَہارت آتی ہے:** کیونکہ نگران بن کر ہمیں بار بار بہت سارے فیصلے کرنے پڑتے

---

1 …ترمذی، ابواب العلم، باب ماجاء الدال علی الخیر کفاعلہ، ص628، حدیث:2670، دار الکتب العلمیہ بیروت۔



www.dawateislami.net

ہیں، کبھی اپنے نگران سے مشورے لیتے ہیں، کبھی خود غور و فکر کرتے ہیں، کبھی شرعی رہنمائی لیتے ہیں، یوں بار بار فیصلے کرنے سے فیصلہ کرنے کی صلاحیت بڑھتی اور مسئلے حل کرنے کا تجربہ ملتا رہتا ہے۔ ۞ سیکھنے اور ترقی کرنے کے مَواقع ملتے ہیں: محنت سے کام کرنے اور اپنے کام میں نکھار پیدا کرنے والے نگران کے لیے ترقی کی راہیں کشادہ ہوتی ہیں۔ جب بندہ یوں محنت سے کام کرتا رہتا ہے تو اسے آگے سے آگے بڑھنے، تحصیل مشاورت نگران سے ڈسٹرکٹ مشاورت نگران بننے، ڈسٹرکٹ سے ڈویژن مشاورت نگران وغیرہ بننے کے مواقع ملتے رہتے ہیں۔ ۞ زندگی بامقصد ہو جاتی ہے: آدمی جب نگران بنتا ہے تو اس کی زندگی کو ایک مقصد مل جاتا ہے اور وہ اپنے مقصد کے کاموں ہی میں مصروف رہتا ہے۔

## اخلاقی فوائد

نگران بن کر بہت سے اخلاقی فائدے بھی حاصل کیے جاسکتے ہیں مثلاً: ۞ احساسِ ذمہ داری نصیب ہوتا ہے: یہ ایک فطری بات ہے کہ انسان ناکامی سے ڈرتا ہے۔ کبھی ایسی جگہ ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کریں جہاں اجتماع کی تعداد کم ہو، آپ وہاں پہنچیں گے، لوگوں کی تعداد دیکھیں گے تو خود بخود دل میں احساس پیدا ہو گا کہ کسی طرح اجتماع کی تعداد بڑھائی جائے۔ اسی طرح جب ہمیں نگرانی ملتی ہے، ہم کاموں میں کمی دیکھتے ہیں تو خود بخود اندر ہی اندر احساس اُبھرتا رہتا ہے، خود بخود نہ اُبھرے تو مشوروں میں بار بار شرکت ہوتی ہے، احساس ملتا رہتا ہے۔ نگران صاحب کے کارکردگی طلب کرنے پر احساس ہوتا ہے۔ جائزہ ہو تو پھر بھی احساس پیدا ہوتا ہے۔ یوں نگرانی کی برکت سے ترغیب (یعنیMotivation) ملتی رہتی ہے۔ یوں مسلسل ترغیب ملنے سے کام میں رغبت بڑھتی ہے۔ ۞ عدل و انصاف کی مہارت آتی ہے: نگران نے بہت سارے معاملات سُلجھانے ہوتے ہیں، اختلافات مٹانے ہوتے ہیں،

فیصلے کرنے ہوتے ہیں، اس کی برکت سے عدل وانصاف قائم کرنے کی مہارت ملتی رہتی ہے۔ ❁عزّت بڑھتی ہے: ویسے عزّت کے طلب گار تو تقریباً سبھی ہوتے ہیں۔ البتہ اچھی عزت پانے کا اچھا، بہترین اور محفوظ راستہ دینی ذمہ داری ہے۔ پارہ 22، سورۂ فاطر، آیت: 10 میں ارشاد ہوتا ہے: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا﴾ ترجَمۂ کنز العرفان: جو عزت کا طلب گار ہو تو ساری عزّت اللہ ہی کے پاس ہے۔ یعنی جو عزّت کا طلب گار ہے، وہ اللہ پاک کی اِطاعت و فرماں برداری کرے، نیک کاموں میں لگ جائے، دِین کی خدمت والے کام کرے کیونکہ عزّت ساری کی ساری اللہ پاک کے ہاں ہے، لہٰذا اس کی اطاعت اور اس کے دِین کی خدمت سے جو عزّت ملے گی، وہ اچھی اور دائمی ہوگی۔

## نگران کو کیسا ہونا چاہئے؟

جب حضرت موسیٰ علیہ السّلام کوہِ طُور پر تشریف لے جانے لگے تو آپ نے اپنے بھائی، حضرت ہارون علیہ السّلام کو بنی اسرائیل پر نگران مقرر فرما دیا۔ آپ نے حضرت ہارون علیہ السّلام سے فرمایا: ﴿وَ اَصْلِحْ وَ لَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۱۴۲﴾ ترجَمۂ کنز العرفان: اور اِصلاح کرنا اور فسادیوں کے راستے پر نہ چلنا۔ (پ9، الاعراف: 142) ایک اچھا نگران بننے کے لیے اس میں ہمارے لیے بھی نصیحت ہے کہ ہم اِصلاح کریں، فسادیوں کے رستے پر ہرگز نہ چلیں۔

## نگران بننے کے دینی و دنیوی تقاضے

پیارے اسلامی بھائیو! اچھا اور کامیاب نگران بننے کے لیے کچھ بنیادی تقاضے بھی ہیں جن کو پیشِ نظر رکھنا بے حد ضروری ہے۔

❁نیّت کی دُرستی (Purity of intention): ایک نگران کے لیے اپنی نیّت دُرست رکھنا بہت اہمیّت کا حامل ہے، بطورِ مسلمان ہماری نیّت ہمیشہ رضائے الٰہی کا حُصُول ہونا چاہیے۔



www.dawateislami.net

چُنانچہ قرآنِ کریم میں ہے:

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُكِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَۙ(۱۶۲) (پ8، الانعام:162)

ترجَمۂ کنزالعرفان: تم فرماؤ، بیشک میری نماز اور میری قربانیاں اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔

تفسیر صراطُ الجنان میں ہے: یہاں جو فرمایا گیا وہ حقیقتاً ایک مؤمن زندگی کی عکاسی ہے کہ مسلمان کا جینا، مرنا اور عبادت و ریاضت سب کچھ اللہ پاک کے لیے ہونا چاہیے۔ زندگی اللہ پاک کی رضا کے کاموں میں اور جینے کا مقصد اللہ پاک کے دِین کی سربلندی ہو۔ یوں ہی مرنا حالتِ ایمان میں ہو اور ہو سکے تو کلمۂ حق بلند کرنے کے لیے ہو۔ (1)

لہٰذا ہم اپنی نگرانی کے تحت جو بھی کام کریں، اس میں نِیّت رضائے اِلٰہی کی رکھیں اور ساتھ ہی ساتھ اپنے مقصد کو ہمیشہ اپنے پیشِ نظر رکھیں کہ مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اللہ پاک کی رضا کتنی بڑی نعمت ہے؟ اس کے متعلّق اِمام غزالی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: آخِرت کی نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت جو جنت سے بھی اعلیٰ ہے، وہ یہی اللہ پاک کی رضا ہے۔ (2)

یاد رہے! اچھی نِیّت ہمارے مقصد (Vision) کو بڑا کر دیتی ہے۔ مثلاً: جدول پر جاکر قافلے تیار کرنا ہماری ذِمّہ داری کا ایک کام ہے، اس کے لیے کئی نیتیں کی جاتی ہیں ۞ میں اجیر ہوں اس لیے قافلے تیار کرنے ہیں ۞ فلاں نگران کا حکم ہے اس لیے قافلے تیار کرنے ہیں ۞ فلاں دیکھ رہا ہے ۞ کارکردگی فلاں کے پاس جائے گی وغیرہ، لیکن اگر ہم اس میں اللہ اور

---

1 ... تفسیر صراط الجنان، پ8، الانعام، تحت الآیۃ:162، 3/258، مکتبۃ المدینہ کراچی۔

2 ... احیاء العلوم، کتاب المحبۃ والشوق۔۔۔ الخ، بیان معنی الانبساط۔۔۔ الخ، 4/417 بتغیرٍ قلیل، دار الکتب العلمیہ بیروت۔



www.dawateislami.net

اس کے رسول کی رضا کی نِیّت کر لیں، دِین کی خدمت اور صدقۂ جاریہ سمجھ کر قافلے تیار کریں تو ہمارا مقصد (Vision) بڑا ہو جائے گا۔

۞ لچک دار رہنا (Resilience): کسی بھی کام میں استقامت پانے کا نسخہ لچک داری ہے۔ انسانی فطرت ہے کہ یہ جلد اکتا جاتا ہے، نگران کو چاہئے کہ اپنی طبیعت میں لچک پیدا کرے، ماحول اور وقت کے مطابق اپنی حکمتِ عملی تبدیل کرے۔ مقصد صرف ایک ہو: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اب اس مقصد کی راہ میں جیسا موقع آئے، تنظیمی اُصولوں کے مطابق لچک دکھائے، مثال کے طور پر: مسجد درس شروع کرنے کے لیے مسجد اِنتظامیہ کی طرف سے اجازت نہ مل رہی ہو تو تنظیمی اُصول یہ ہے کہ ایسی جگہ انتظامیہ سے جھگڑا نہ کیا جائے بلکہ مسجد کے باہر قریب کسی مناسب مقام پر درس شروع کر لیا جائے۔ یونہی تحصیل مشاورت نگران کو چاہئے کہ اپنے اندر لچک رکھے۔ وقت اور موقع کی مناسبت سے حکمتِ عملی تبدیل کرے اور اپنے مقصد کی راہ پر استِقامت کے ساتھ چلتا رہے۔

۞ تجربات سے سیکھنا: جو بندہ اپنے تجربات سے سیکھتا نہیں ہے، وہ پیچھے رہ جاتا ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے: "لَا یُلْسَعُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَیْن یعنی مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا۔"[1] یعنی مومن بندہ بیدار مغز یعنی سمجھدار ہوتا ہے، جہاں سے ایک مرتبہ ٹھوکر کھالے، پھر اس سے سیکھ لیتا ہے، دوبارہ اسی جگہ سے ٹھوکر نہیں کھاتا۔

۞ حِلْم و بُرْدباری: حِلم کا معنی ہے: بُردباری، نرم دلی۔ اِمام غزالی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: آدمی کو غصہ آئے اور وہ کوشش کر کے، تَکَلُّف کے ساتھ یعنی زبردستی، نفس کو مجبور کر کے غصے کو دبا دے تو اس عمل کو کَظْمُ الْغَیْظ کہا جاتا ہے، یعنی غصہ پی لینا، اگر بار بار اسی طرح

---

1 ... مسلم، کتاب الزھد والرقائق، باب لایلدغ المؤمن۔۔۔الخ، ص1144، حدیث:2998، دار الکتب العلمیہ بیروت۔

غصہ پینے کی مشق کی جائے، یہاں تک کہ ایسی حالت ہو جائے کہ غصہ آیا ہی نہ کرے اور اگر غصہ آئے بھی تو اسے دبانے میں تَکَلُّف سے کام نہ لینا پڑے بلکہ بآسانی غصہ ختم ہو جائے، اس کیفیت کو حِلْم کہا جاتا ہے۔ امام غزالی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: غصہ پینے کی نسبت حلم زیادہ افضل ہے حِلْم عقل کے کمال کی دلیل ہے۔[1]

**حِلْم کے چند فضائل:** ❁ سرکارِ عالی وقار، مکی مدنی تاجدار صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: 5 چیزیں سُنّتِ انبیا ہیں، ان میں سے ایک حِلْم ہے۔[2] ❁ حدیثِ پاک میں ہے: بے شک مسلمان حِلْم کے ذریعے دن کو روزہ رکھنے اور رات کو عبادت کرنے والے کا درجہ پالیتا ہے۔[3] ❁ سرکارِ عالی وقار، مدنی تاجدار صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ پاک حِلْم والے کو پسند فرماتا ہے۔[4]

❁ **شفقت و ہمدردی:** نگران کی ذِمّہ داری کا بنیادی تقاضا یہ بھی ہے کہ شفقت و ہمدردی بھرا رَوِیّہ رکھنے والا ہو۔ اللہ پاک نے قرآنِ کریم میں نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا ایک وصف اِرشاد فرمایا: ﴿عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ ترجَمۂ کنزالعرفان: جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا بہت بھاری گزرتا ہے۔ (پ11، التوبۃ:128)

تفسیرِ نعیمی میں ہے: اُن محبوب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر تمہارے وہ گناہ بھاری ہیں جو تم کو مشقت یعنی دوزخ میں پہنچائیں گے۔ تم گناہ کرتے ہو تو وہ بے چین ہو جاتے ہیں، جیسے

---

1 ... احیاء العلوم، کتاب ذم الغضب۔۔۔ الخ، بیان فضیلۃ الحلم، 3/218 ملتقطاً۔

2 ... معجم کبیر، 5/324، حدیث: 11282 ملتقطاً، دار الکتب العلمیہ بیروت۔

3 ... معجم اوسط، 4/369، حدیث: 6273 ملتقطاً، دار الفکر بیروت۔

4 ... سنن کبری للبیہقی، کتاب النکاح، باب ماجاء فی قبلۃ الجسد، 7/174 حدیث: 13587 ملتقطاً، دار الحدیث قاہرہ۔



www.dawateislami.net

جسم کے کسی عضو کو چوٹ لگے تو روح بے چین ہو جاتی ہے۔[1]

۞ **حکمتِ عملی، مشاوَرَت اور منصوبہ بندی:** نگران کو چاہئے کہ حکمتِ عملی اپنائے، اپنا آرڈر چلانے کی بجائے ہر کام مشاورت سے کیا کرے۔ ایمان والوں کی صفت بیان کرتے ہوئے اللہ پاک قرآنِ کریم میں اِرشاد فرماتا ہے: ﴿وَ اَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَیْنَهُمْ۪﴾ ترجَمۂ کنزالعرفان: اور ان کا کام ان کے باہمی مشورے سے (ہوتا) ہے۔ (پ25، الشوریٰ:38۔)

مشورے سے چلنے کی ایک بہترین برکت یہ ہے کہ اس کے ذریعے آپس میں اتّفاق و اِتّحاد پیدا ہوتا ہے ۞ خُود اِعتمادی بڑھتی ہے ۞ اِسلامی بھائیوں کی آپس میں محبّت پروان چڑھتی ہے۔ لِہٰذا ہر نِگران کو چاہیے کہ ہر اَہم کام مشورے سے کیا کرے۔

۞ **مزاج شناسی (یعنی نفسیات سمجھنا):** نگران کے لیے ضروری ہے کہ وہ لوگوں کی نفسیات سمجھتا ہو، کس کے ساتھ کیسے پیش آنا ہے، کس کو کیا ذِمّہ داری دینی ہے، اس کی سمجھ رکھنے والا ہو۔

۞ **سٹریس مینجمنٹ (Stress Management):** نگران غصے اور پریشانی میں بے قابو نہ ہو جاتا ہو بلکہ دباؤ، غصہ اور پریشانی کے وقت خود پر قابو رکھنے والا ہو۔

۞ **امانت داری:** نگران پر لازم ہے کہ وقت، مال، معاملات، راز داری وغیرہ ہر معاملے میں امانت داری اپنائے۔

۞ **تواضُع و خیر خواہی:** حدیثِ پاک میں ہے: سَیِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ یعنی قوم کا سردار قوم کا خادم ہوتا ہے۔[2] ایک روایت میں فرمایا: أَعْظَمُ الْقَوْمِ أَجْرًا خَادِمُهُمْ یعنی قوم کا خدمت گزار زیادہ اجر والا ہے۔[3]

---

1 ... تفسیر نعیمی، پ11، التوبۃ، تحت الآیۃ:128، 11/153 بتغیرٍ قلیل، نعیمی کتب خانہ گجرات۔

2 ... مسند الفردوس، 2/324، حدیث:3473۔

3 ... سنن سعید بن منصور، کتاب الجہاد، باب الخدمۃ۔۔۔الخ، 2/157، حدیث:2406، دار الکتب العلمیہ بیروت۔



www.dawateislami.net

سبحانَ اللہ! ان دونوں روایتوں سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ نگران قوم کا خادم ہوتا ہے، مخلص، نیک اور پرہیز گار خادِم اللہ پاک کے ہاں سب سے زیادہ اجر کا حق دار ہے۔ اگر نگران واقعی عاجزی، اِنکساری اور اِخلاص کا پیکر ہو اور نگرانی بطورِ خدمت، نیکی اور دِین کا کام سمجھ کر کرے تو نہ صرف ماتحتوں کی نظر میں مقبول ہو گا بلکہ اس کا یہ کام اللہ پاک کی رضا کا سبب بھی بنے گا۔ لہٰذا نگران خود کو خادِم تصور کر کے خوب محنت اور لگن کے ساتھ دِین کا کام کرے ان شاء اللہ الکریم یہ خدمتِ دِین اس کے لیے دِین و دنیا میں کامیابی اور آخرت میں بخشش کا ذریعہ بنے گی۔ تمام نگرانوں اور دِین کی خدمت پر مقرّر لوگوں کو چاہیے اللہ پاک کی رضا اور خوشنودی کے لیے دِین کے خادِم بن کر خوب دِین کا کام کریں۔ اللہ پاک ہمیں ان تقاضوں کو پورا کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم

## منصب کے کام (Job Description)

اچھا منصب ملنا اللہ پاک کی نعمت ہے جس کو اچھا منصب نصیب ہو جائے اس کو اللہ پاک کا شکر ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اس منصب کے تقاضوں کو بھی پورا کرنا چاہیے۔ جس کا منصب جتنا بڑا ہوتا ہے اس کی ذِمّہ داریاں بھی اتنی ہی زیادہ ہوتی ہیں۔ مثلاً صوبائی مشاورت نگران صوبے کے تمام ذِمّہ داران اور کاموں کو دیکھ رہا ہوتا ہے، اسی طرح ڈویژن نگران اپنی سطح کے اور ڈسٹرکٹ نگران اپنی سطح کے تمام ذمہ داران کی خیر خواہی کرتا ہے۔ یوں ہی تحصیل مشاورت نگران کی ذِمّہ داری تحصیل سطح کی ہے تو وہ اس سطح کے جتنے شعبہ جات ہیں ان کے تمام ذمہ داران و یو-سی مشاورت نگرانوں کو بلاواسطہ دیکھتا ہے اور اس سے نیچے کی سطح (یو-سی، حلقہ اور ذیلی حلقہ) کے تمام ذِمّہ داران کو ان کے نگرانوں کے ذریعے

دیکھتا ہے۔ مزید اس سطح کے کیا کام اور کیا ذِمَّہ داری ہے۔ آیئے ان ذِمَّہ داریوں کی تفصیل اور کرنے کے کام ملاحظہ کرتے ہیں:

| منصب کے اُمور اور اہلیت | |
|---|---|
| ملک(Country): | پاکستان |
| منصب(Designation): | نگرانِ تحصیل / ٹاؤن مُشاورت |
| کام کرنے کی جگہ(Workplace): | تحصیل / ٹاؤن |
| جواب دِہ(Report to): | نگرانِ ڈِسٹرکٹ / میٹروپولیٹن مُشاورت |
| کام(Function): | پاکستان مُشاورت کی طرف سے دیئے گئے طریقۂ کار کے مطابق تحصیل / ٹاؤن میں دِینی کام کرنا |
| ماتحت ذِمَّہ داران: | ذیلی تا تحصیل / ٹاؤن مُشاورت و شُعبہ جات |

1. تحصیل مُشاورت نگران کا اپنی تمام یوسیز، وارڈز، ذیلی حلقوں اور تحصیل سطح کے تمام شعبہ جات کے تمام دِینی کاموں کی نگرانی(Supervision) کرنا اور اپنے نگران کو مکمل مُعاونت و معلومات فراہم کرنا۔
2. دِینی کاموں کے لیے اہل، تجرِبہ کار اور تنظیمی طور پر مضبوط ذمہ داران کا تقرُّر کرنا، مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. اپنا پیشگی و عَمَلی جدول طے شدہ تاریخ تک سافٹ ویئر میں انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. یوسی مُشاورت نگران اور تحصیل شعبہ جات کے ذِمَّہ داران کا ماہانہ مَدَنی مشورہ کرنا، نگران کے مَدَنی مشوروں میں تیاری کے ساتھ اوّل تا آخر شرکت کرنا اور نگران کی

طرف سے ملنے والے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔

5 12 دِینی کاموں بالخُصُوص ہفتہ وار اجتماع، بڑی راتوں کے اجتماعات، ہفتہ وار مَدَنی مذاکروں، اور قافلوں میں عَمَلی طور پر(Practically)شرکت کرنا۔

6 بڑی راتوں کے اجتماعات اور دیگر تنظیمی ایونٹس کی تشہیر وانتظامات(Arrangement) مکمل کروانا۔

7 جامعۃُ المدینہ اور مدرسۃُ المدینہ میں شعبوں کے طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق 12 دینی کاموں کے لیے حاضری دینا۔

8 اپنے متعلقہ فرض عُلُوم سیکھنا، شعبہ مدنی کورسز اور فیضان آن لائن اکیڈمی کے تحت ہونے والے مختلف کورسز کرنا اور کروانا، نیز LMS Dawateislami کے ذریعے تنظیمی کورسز کرنا۔

9 مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں کے مدنی پھولوں کا مُطالعہ کرنا اور پاکستان مُشاورت آفس سے جاری ہونے والی تنظیمی اَپ ڈیٹس اور مدنی پھولوں کا مُطالعہ کرنا، تحصیل سطح کے شعبہ جات کے SOP's نیز اپنی اور اپنے متعلقہ ذِمَّہ داران کی جے ڈیز (JD's) کا مُطالعہ کرنا۔

10 اپنی تحصیل کے اخراجات (ہفتہ وار اجتماع کی گاڑیوں، تحصیل کے اداروں وغیرہ) کو ماہانہ کی بنیاد پر خود کفیل (Self-Sufficient) کرنے کی کوشش کرنا، خُود کَفِیل کرنے میں متعلقہ ناظِمین کی مُعاونت کرنا، قربانی کی کھالیں، ٹَیلی تھون اور رَمَضان عطیات کے لیے کوشش کرنا۔

11 ہر ماہ تحصیل کی آمدن و خرچ فِنانس ڈیپارٹمنٹ سے ٹَیلی کرنا۔



www.dawateislami.net

12 تمام طے شدہ کارکردگیاں دُرُست اور بَروقت اپنے نگران کو پیش کرنا نیز مُتعلّقہ تمام ریکارڈ PMS سافٹ ویئر میں اَپ ڈیٹ رکھنا۔

13 اپنی تحصیل سے متعلِّق موصُول ہونے والے مسائل کو حل کرنا/کروانا۔

14 اپنے ذِمّہ داران کی کالز ریسیو کرنا، واٹس ایپ و میسج (Message) چیک کرکے بروقت (Timely) رپلائی کرنا۔

15 مَنصَب کے مُطابِق نگران کی طرف سے ملنے والے دعوتِ اسلامی کے دینی کام کرنا۔

نوٹ: ❀ اَجیر اِجارہ وقت کے دوران اِجارے کے طے شدہ کام ہی کریں ان کے علاوہ کوئی اور کام نہیں کرسکتے۔

❀ ہر صوبے اور اَجیر و غیر اَجیر ذِمّہ دار کے لحاظ سے کاموں میں تَخفیف دی جاسکتی ہے۔

## اپنی دنیا وآخرت کی بہتری اور دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول میں اِستِقامت پانے کے لیے درج ذیل اُمور پر عمل کی کوشش فرمائیں

❀ سُنّت کے مُطابِق لباس، داڑھی، زلفیں اور عمامہ (بہتر ہے کہ سفید ہو) وغیرہ اپنانا۔

❀ اسلامی بھائیوں کی خوشی غمی (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شریک ہونا۔

❀ حسبِ موقع روزانہ کم سے کم 12 افراد کو انفرادی کوشش کے ذریعے سے 12 دِینی کام بالخُصُوص ہفتہ وار اِجتماع و قافلے کی دعوت دینا۔

❀ با اَثر اَفراد کو دعوتِ اسلامی کے اِداروں (جامعۃُ المدینہ، مدرسۃُ المدینہ، فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) اور دارُالمدینہ وغیرہ) کا وِزٹ (Visit) کروانا اور ان کے بچوں کو ان اداروں میں داخل کروانا۔

❀ مکتبۃُ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیرِ اہلِ سنّت اور المدینۃُ العلمیہ (Islamic Research center) کی دیگر کُتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم /PDF شیئر کرنا۔

## منصب کی اہلیت (Job specification)

❖ کچھ نہ کچھ دِینی و دنیاوی تعلیم ہو، مدنی ہو تو بہتر ہے۔
❖ کوئی نہ کوئی تنظیمی کورس بالخصوص 12 دِینی کام کورس، تحصیل نگران کورس کیا ہو۔
❖ دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول میں ایک ماہ یا آخری عشرے کا اعتکاف کیا ہو۔
❖ دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول سے وابستگی کم از کم 5 سال ہو اور تبلیغی اُمور سے متعلِّقہ تنظیمی ذمہ داریوں کا تجرِبہ 3 سال ہو۔

## تحصیل مشاورت نگران کی تنظیمی ذِمہ داریاں (Job Descriptions)

### لازمی اُمور کی تفصیلات

### مُعاونت و معلومات (Support & Information)

❀ تحصیل مُشاورت نگران اپنے تحت تمام مُشاورتوں (یوسی تا ذیلی حلقہ) اور تحصیل سطح کے تمام شعبوں کے تمام کاموں (جدول، مدنی مشورے اور کارکردگی وغیرہ) کی نگرانی کریں۔

❀ اپنے متعلقہ تمام اُمور (ذِمّہ داران کی تقرّری مکمل کرنا / کروانا، اہداف کی تکمیل کرنا / کروانا، کارکردگی بروقت جمع کرنا / کروانا، دِینی کاموں میں ترقی کے لیے کوشاں رہنا وغیرہ) کے حوالے سے اپنے نگران کو مکمل مُعاونت و معلومات (Information) فراہم کریں۔

## تقرری و تبدیلی (Appointments & Changings)

❀ اپنی تحصیل کی تمام یوسیز، وارڈز اور ذیلی حلقوں میں 12 دِینی کاموں کے لیے اہل، باصلاحیت اور وقت دینے والے نگران اسلامی بھائیوں کا تَقَرُّر کریں۔

❀ تحصیل کے تمام شعبہ جات کی تقرّری مکمل کروانے میں مُتعلِّقہ شعبہ جات کی معاونت کریں۔

❀ جن تحصیلوں میں نیو سوسائٹی ہو، ان میں نیو سوسائٹی ذِمَّہ دار کا، جو گاؤں / دیہات پر مشتمل ہوں، ان میں شعبہ عُشر کے ذِمّہ دار کا نیز میٹروپولیٹن سٹی میں ٹاؤن، سب ٹاؤن و یوسی سطح پر شعبۂ تعلیم کے ذِمّہ دار کا تَقَرُّر مکمل کروائیں۔

❀ تمام یوسیز میں (ماہِ ربیعُ الاول میں چراغاں، سجاوٹ، جھنڈے اور پینافلیکس وغیرہ مدنی مرکز کے دیے ہوئے طریقۂ کار کے مطابق لگانے کے لیے) میلاد مجلس اور جہاں کینٹ ایریا ہے، وہاں شعبہ فیضانِ مرشد کے ذِمَّہ دار بھی مُقرَّر کیے جائیں۔

❀ ہفتہ وار اجتماع کے لیے یوسیز اور اداروں میں گاڑی نگران کا تقرّر کریں۔

❀ تحصیل مشاورت نگران مؤثر رہنمائی کے ذریعے تمام ذِمَّہ داران کو دینی کاموں میں مصروف رکھیں، PMS سافٹ وئیر میں تَقَرُّرِی و تبدیلی کا ریکارڈ اَپ ڈیٹ رکھیں نیز ہر ماہ فعّال / غیر فعّال ذِمّہ داران کا جائزہ لیتے رہیں۔

❀ تحصیل مشاورت نگران اپنا مُتبادِل (Alternate) تیار کریں اور ماتحت ذِمّہ داران کو بھی اپنا مُتبادِل تیار کرنے کی ترغیب دلاتے رہیں۔

❀ تحصیل میں دینی کاموں کی مضبوطی اور ترقی کے لیے جامعۃُ المدینہ کے طَلَبہ، اَساتِذہ،



www.dawateislami.net

ناظِمین، مدرسۃُ المدینہ کے مدرِّسین وناظِمین اور دعوتِ اسلامی کے اِمام صاحبان کو بھی ذِمَّہ داریاں دیں۔

نوٹ: کسی بھی شعبے کے ذِمَّہ دار کی تقرُّرِی / تبدیلی کے لیے متعلقہ شعبے کی اُس سے بڑی سطح سے مُشاورت ضروری ہے (جیسے تحصیل سطح پر قافلہ ذِمَّہ دار کا تقرُّر کرنا ہو تو ڈسٹرکٹ ذمہ دار "شعبہ قافلہ" کے مشورے سے کیا جائے) یادرہے! کسی بھی ذِمَّہ دار کی تقرُّرِی / تبدیلی پاکستان مُشاورت آفس سے جاری شدہ تحریری مدنی پھولوں کے مُطابق ہی کریں۔

## جدول (Schedule)

❀ تحصیل نگران اپنا پیشگی جدول 24 تاریخ تک اور عملی جَدوَل 1 سے 3 تاریخ تک اپنے نگران کو (بذریعہ SCMS سافٹ ویئر) پیش کریں۔

❀ پیشگی جدول (Advance Schedule) پر پیشگی اِطلاع کے ساتھ عمل کریں۔

❀ جَدوَل میں تبدیلی متعلقہ نگران کی اجازت (Permission) سے کریں۔

❀ عَمَلی جَدوَل (Practical Schedule) کی انٹری (یعنی آج عمل ہوا یا نہیں؟) SCMS سوفٹ ویئر میں روزانہ کریں۔

❀ تحصیل مُشاورت نگران کو چاہیے کہ پیشگی جَدوَل بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی اور مُعاونت کریں نیز ہر ماہ عملی جَدوَل وُصول کرکے چیک بھی کیا کریں۔

## مدنی مشورے (Meetings)

❀ اپنے نگران کے مَدَنی مشوروں میں پیشگی تیاری کے ساتھ اوّل تا آخر شرکت کریں۔

❀ تحصیل مُشاورت نگران ہر ماہ اپنی مُشاورت اور تحصیل سطح کے شعبہ جات کے تمام ذِمّہ

داران کا مدنی مشورہ کریں۔

❀ مدنی مشورے میں 12 دِینی کاموں / ایونٹس کی کارکردگی اور تقرُّرِی وغیرہ سے متعلق آئندہ کے اہداف طے کریں نیز سابقہ مدنی مشورے کے اہداف کا جائزہ بھی لیں۔

| مدنی مشورہ کرنے والے | سطح | شُرَکا | مدنی مشورہ کب ہو گا؟ | دورانیہ (علاوہ نماز و طعام) |
|---|---|---|---|---|
| نگرانِ ڈسٹرکٹ مشاورت | ڈسٹرکٹ | تحصیل نگران | ہر ماہ بالمشافہ | 2 سے 3 گھنٹے |
| نگرانِ تحصیل مُشاورت | تحصیل | سب تحصیل / UC نگران | ہر ماہ بالمشافہ | 2 سے 3 گھنٹے |
| // | // | شعبہ جات ذمہ داران (تحصیل / ٹاؤن) | ہر ماہ بالمشافہ | 2 سے 3 گھنٹے |

## 12 دِینی کام

❁ 12 دِینی کاموں میں عملی طور پر خود بھی شرکت کریں نیز ماتحت ذمہ داران اور دیگر عاشقانِ رسول کو بھی شرکت کروائیں۔

❁ تحصیل مشاورت نگران کو چاہیے کہ وقتاً فوقتاً مختلف مدرسۃُ المدینہ بالغان میں حاضری دیں۔ نیز اپنی مُشاورت اور ماتحت اسلامی بھائیوں کو ترغیب دِلائیں کہ وہ ایک مدرسۃُ المدینہ بالغان روزانہ پڑھائیں، اس کی برکت سے تعلیمِ قرآن بھی عام ہو گی اور بقیہ 11 دِینی کاموں کے لیے ذِمّہ دار بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

❁ اپنی تحصیل سے ہفتہ وار اجتماع کے لیے ہر جمعرات کو گاڑیاں چلائیں، ہر گاڑی کا نگران

بنائیں اور گاڑی چلانے کا مُستقل مَقام طے کر کے ذِمّہ داران کو اَپ ڈیٹ کریں۔(پاکستان مُشاورت آفس سے جاری ہونے والے رسالے "ہفتہ وار اجتماع کی تیاری کیسے کریں؟" میں بیان کردہ "گاڑی نگران" کے کاموں کا خود بھی مطالعہ کریں اوراس کے مطابق گاڑی نگران کی رہنمائی کریں)۔

❁ ہر ماہ اپنی تحصیل سے کم از کم 1 ماہ کا 1 قافلہ اور ہر یو سی سے 12 دن کا 1 قافلہ اور ہر وارڈ سے 3 دن کا 1 قافلہ سفر کروائیں۔(توجہ فرمائیں: بلوچستان، KPK، کشمیر اور GB میں 3 دن کے قافلوں کا ہدف یو سی سطح پر، 12 دن کا تحصیل سطح پر جبکہ 1 ماہ کا ڈسٹرکٹ سطح پر ہے۔)

**نوٹ:** پاکستان مشاورت آفس کی طرف سے ذیلی حلقے کے 12 دِینی کاموں کے اہداف کی فائل جاری کی جاچکی ہے، تحصیل مُشاورت نگران اِن اَہداف کے مطابق دِینی کام کرنے / کروانے کی صورت بنائیں۔(نوٹ: اَہداف کی فائل رسالے کے آخر میں موجود ہے البتہ صوبائی مشاورت نگران کی مشورے سے تحصیل کی کیفیت کے مطابق یو سی کے 12 دینی کاموں کا ہدف تبدیل کیا جاسکتا ہے۔)

## تنظیمی ایونٹس

❁ تحصیل مشاورت نگران ایونٹس کے اجتماعات (اجتماعِ یومِ عاشورا، اجتماعِ یومِ رضا، اجتماعِ میلاد، اجتماعِ غوثیہ، اجتماعِ یومِ غریب نواز، اجتماعِ شبِ معراج، اجتماعِ شبِ بَراءَت، اجتماعِ شبِ قدر) کی خوب خوب تشہیر کریں، گھر گھر، دُکان دُکان دعوت دیں، بالخُصُوص تحصیل میں رہنے والے بااثر افراد تک ان اجتماعات کی دعوت پہنچا کر انہیں بھی ان اجتماعات میں شرکت کروائیں۔

❁ اجتماعِ یومِ رضا اور اجتماعِ یومِ غریب نواز UC سطح پر طے ہے، لہٰذا اسی کے مطابق ہر یو سی میں اس کی صورت بنائیں۔

❁ محرّم شریف کے پہلے 10 دن فیضانِ صحابہ و اہلِ بَیت اجتماع اور ربیعُ الاوّل کے پہلے

12 دن میلاد اجتماع روزانہ مساجد بدل بدل کر یوسی سطح پر کیے جائیں۔ یہ اجتماعات لوگوں کی سہولت کے مطابق یوسی مشاورت بالخصوص ذیلی نگران سے مشورہ کرکے کسی بھی نماز کے بعد کیے جاسکتے ہیں۔

❁ یہ اجتماعات مدنی مرکز فیضانِ مدینہ اور شعبہ امام مساجد کے تحت ہر مسجد میں روزانہ کسی بھی نماز میں کیے جائیں۔

❁ ان اجتماعات میں پاکستان مشاورت آفس سے جاری ہونے والے بیانات طے شدہ جدول و مدنی پھولوں کے مطابق ہی کیے جائیں۔

❁ ماہِ ربیع الاول میں گھر بدل بدل کر روزانہ محفلِ نعت کی جائے (جدول: تلاوت:04 منٹ، نعت خوانی:25 منٹ، بیان:25 منٹ، صلاۃ و سلام:03 منٹ، دعا:03 منٹ۔ نوٹ: بیان پاکستان مشاورت آفس سے ربیع الاول کے جاری کردہ بیانات ہی سے کیا جائے)۔

❁ خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت، نگرانِ شوریٰ، نگرانِ پاکستان مشاورت اور دیگر اراکینِ شُوریٰ کے "سنّتوں بھرے اجتماعات" میں بھرپور شرکت کریں اور کروائیں۔

❁ 26ویں شریف (امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ کے یومِ ولادت 26 رمضان المبارک) کے لیے اچھی اچھی نیتوں کے تحائف جمع کرکے اپنے نگران کو بروقت پیش کریں۔

❁ پورے ماہِ رمضان اور آخری عشرے کے اعتکاف کے لیے عاشقانِ رسول کو تیار کریں اور ذمّہ داران کے ذریعے تیار کروائیں۔

❁ تحصیل کی ہر یوسی میں آخری عشرے کے اجتماعی اعتکاف کی صورت کریں۔

(تفصیلات کے لیے رسالہ "اجتماعی اعتکاف کی تیاری کیسے کریں" کا مطالعہ کریں)

## اِداروں میں حاضری

❁ جامعۃُ المدینہ اور مدرسۃُ المدینہ میں شعبوں کے طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق 12 دینی کاموں کے لیے حاضری دیں۔

❁ اساتذۂ کرام اور طلبہ کے 12 دینی کاموں کے حوالے سے مشورے کریں، نمایاں کارکردگی پر حوصلہ افزائی کریں اور تحائف پیش کریں۔

❁ اِن کے ساتھ علاقائی دَورے، ایک دن راہِ خدا میں اور قافلوں میں سفر کا جدول بنائیں۔

## مطالعہ

اپنے متعلقہ فرض عُلُوم و دیگر ضروری معلومات حاصل کرنے کے لیے درج ذیل کتب و رسائل کا مطالعہ کریں اور ماتحت ذمہ داران کو بھی مطالعے کا ذہن دیں۔

(کتاب ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ٹائٹل کے نیچے دیئے گئے بٹن پر کلک کریں)

| | | |
|---|---|---|
| اسلام کے بنیادی عقیدے | اسلام کی بنیادی معلومات | کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب |
|  |  |  |
| DOWNLOAD | DOWNLOAD | DOWNLOAD |

دس اسلامی عقیدے




DOWNLOAD

بنیادی عقائد و معمولاتِ اہلِ سنت




DOWNLOAD

حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول




DOWNLOAD

چندے کے بارے میں سوال جواب




DOWNLOAD

نماز کے احکام




DOWNLOAD

فرض علوم سیکھئے




DOWNLOAD

باطنی بیماریوں کی معلومات




DOWNLOAD

پردے کے بارے میں سوال جواب




DOWNLOAD

نیکی کی دعوت




DOWNLOAD

## تنظیمی اپ ڈیٹس:

❀ تحصیل سطح کے شعبہ جات کے SOPs اور JDs کا مطالعہ کریں اور اس کے مطابق اپنے ذِمّہ داران سے دِینی کام لیں۔

❀ مرکزی مجلسِ شوریٰ اور پاکستان مشاورت کے مَدَنی مشوروں کے مَدَنی پھولوں کا مُطالعہ کریں۔

❀ تنظیمی کُتُب ورسائل بالخصوص 12 دِینی کام کتاب اور پاکستان مشاورت آفس سے جاری ہونے والے مَدَنی پھولوں، نوٹیفیکیشنز اور پوسٹس کا مطالعہ کرکے تنظیمی طور پر اپ ڈیٹ رہیں اور تمام تر اپ ڈیٹس ماتحت ذمہ داران تک بروقت پہنچاتے رہیں۔

نوٹ: اراکینِ شوریٰ اور ان کے شعبہ جات کی معلومات اور 1500 سے زیادہ تنظیمی کلپس حاصل کرنے کے لیے تنظیمی ویب سائٹ www.dawateislami.org کو وزٹ کریں۔

## خود کفالت

❁ تحصیل نگران اپنی تحصیل کے تمام اداروں اور دیگر تنظیمی اَخراجات کو ماہانہ کی بنیاد پر خود کفیل کرنے کی کوشش کریں۔

❁ اپنی تحصیل میں عطیات باکس، گھریلو صدقہ باکس بڑھانے میں ذمہ داران کی معاونت کریں۔

❁ رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے لیے اِقدامات کریں۔

❁ اپنی تحصیل کے ڈونرز کا ڈیٹا نام، نمبرز اور ایڈریسز کے ساتھ کیٹگری وائز، مثلاً:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کیٹاگری 1: | بڑے ڈونرز | متوسط ڈونرز | عام ڈونرز | |
| کیٹاگری 2: | ہفتہ وار | ماہانہ | سالانہ | ایوینٹ وائز عطیات دینے والے |

الگ الگ لسٹ بنا کر اپ ڈیٹ (Update) رکھیں نیز اِن سے مختلف مواقع بالخصوص فوتگی، سوئم، چالیسویں اور برسی وغیرہ پر رابطے (Contact) میں رہیں۔

## آمدن و خرچ

ہر ماہ اپنی تحصیل کی تمام آمدن و خرچ فنانس ڈیپارٹمنٹ سے ٹیلی کریں۔ تمام اخراجات کا جائزہ لیں، کہاں کہاں بچت ہو سکتی ہے؟ اس پر مشاورت کریں۔

## کارکردگیاں (Performances)

اپنی تحصیل کے جملہ دِینی کاموں سے متعلق ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ کارکردگی چیک کر کے بروقت اپنے نگران / کارکردگی آفس کو جمع کروائیں، اِسی طرح تمام تنظیمی ایونٹس کی کارکردگی وصول کر کے بلا تاخیر اپنے نگران / کارکردگی آفس کو پیش کریں اور بہتری کے لیے اپنی تجاویز بھی فیڈبیک کے نمبر پر دیں۔

فیڈبیک ڈیپارٹمنٹ آفیشل نمبر: 03152692786

❁ موجودہ کارکردگی کا گزشتہ کارکردگی سے تقابل کر کے ترقی یا تنزلی کا جائزہ لیں، بہتری کی صورت میں ذمہ داران کی حوصلہ افزائی اور مزید ترقی کے لیے اقدامات کریں۔

❁ کارکردگی ملنے میں تاخیر (Delay)، درست نہ ملنے، نامکمل ملنے وغیرہ کے مسائل کو حل کروانا تحصیل مشاورت نگران کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

## فیڈبیک

❁ فیڈبیک ڈیپارٹمنٹ اور دیگر ذمہ داران کی جانب سے تحصیل سے متعلقہ موصول ہونے والے مسائل جلد تر حل کریں، ضرورتاً اپنے نگران سے معاونت لیں۔

## رابطے میں رہیں(Be in Contact)

❁ہفتہ وار اجتماع، ہفتہ وار مدنی مذاکرہ اور دیگر ایونٹس (Events) پر نگرانوں، ماتحتوں اور دیگر عاشقانِ رسول سے ملاقات کریں۔

❁ تحصیل مشاورت نگران کو چاہئے کہ کال اور واٹس ایپ وغیرہ کے ذریعے نگران اور ما تحت سب سے رابطے میں رہیں بلا عُذر رپلائی میں تاخیر نا کریں یہ انداز باہمی محبت کو بڑھانے اور دینی کاموں میں ترقی کا سبب بنے گا۔

### ٹاسک:

نگران کی طرف سے جو ذمہ داری دی جائے، خوش دلی اور اچھی نیتوں کے ساتھ قبول کریں اور منصب کے مطابِق نگران کی طرف سے جو بھی ٹاسک یعنی اہداف ملیں، انہیں بروقت مکمل کریں اور طلب کرنے سے پہلے اس کی کارکردگی از خود پیش کریں۔

## ترغیبی امور(Desirable Responsibilities)

### سنّتیں اپنائیں:

❁ سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور عمامہ (بہتر ہے کہ سفید ہو) وغیرہ اپنائیں۔

### محبتیں بڑھائیں:

❁جو اسلامی بھائی پہلے آتے تھے مگر اب نہیں آتے، ان سے رابطے میں رہیں، انہیں دِینی کاموں کی دعوت دیتے رہیں اور ان کی اہلیت کے مطابِق انہیں تنظیمی ذمہ داری بھی دیں۔ ان کے بچوں کو دعوتِ اسلامی کے اِداروں میں داخل کروائیں، قافلے میں سفر کرنے کی عمر ہو تو قافلے میں بھی سفر کروائیں۔



www.dawateislami.net

❁خوشی غمی کے مواقع پر شرعی اور تنظیمی اصولوں کے مطابِق ملاقات، عیادت اور تعزیت کریں۔

❁پرانے اور سینئر اسلامی بھائیوں اور دیگر عاشقانِ رسول کے ہاں فوتگی کے مواقع پر کفن دفن وغیرہ میں شرکت کریں اور ان کے مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اجتماع منعقد کریں۔

❁بیماری یا فوت شدگان سے متعلق امیرِ اہلِ سنّت، خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت یا کسی رُکنِ شُوریٰ کا دعائیہ پیغام لے کر دیں، پیغام کی اہمیت بتا کر اچھی اچھی نیتیں بھی کروائیں۔

## انفرادی کوشش

❁حسبِ موقع روزانہ کم سے کم 2 افراد کو انفرادی کوشش کے ذریعے سے 12 دینی کام بالخصوص ہفتہ وار اجتماع و قافلے کی دعوت دیں۔

## وزٹ / داخلہ (Visit / Admission):

❁بااثر افراد کو دعوتِ اسلامی کے شعبوں اور اِداروں (جامعۃُ المدینہ، مدرسۃُ المدینہ، دارُ المدینہ، دارالافتا اہلِ سنّت (دعوتِ اسلامی)، فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم وغیرہ) کا طے شدہ طریقۂ کار کے مطابق دورہ (Visit) کروائیں۔

❁وزٹ کے دوران دعوتِ اسلامی کے شعبوں اور اداروں کا تعارف پیش کریں۔

❁شعبوں کی پاکستان اور دنیا بھر میں کی جانے والی دِینی خدمات بھی بتائی جائیں۔

❁دعوتِ اسلامی کے شعبوں کے معاشرے پر پڑنے والے مثبت اثرات سے ان حضرات کو آگاہ کریں۔

❁بااثر افراد نیز ان کے بچوں کو جامعۃُ المدینہ / مدرسۃُ المدینہ / فیضان آن لائن اکیڈمی

(بوائز/گرلز)/دارُالمدینہ/فیضان اسلامک اسکول سسٹم یا آن لائن کورسز وغیرہ میں داخلہ (Admission) دلوائیں۔

## تقسیمِ رسائل

- تحصیل میں رہنے والے عاشقانِ رسول میں امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ اور المدینۃُ العلمیہ (Islamic Research Center) کی کتب و رسائل تقسیم کریں/کروائیں اور واٹس ایپ کے ذریعے ان کی PDF عام کریں۔
- عاشقانِ رسول بالخصوص بااَثَر اَفراد کو ماہنامہ فیضانِ مدینہ کی بکنگ کی ترغیب دلاتے رہیں۔
- نوٹ: تنظیمی مسائل کے حل کے لیے تنظیمی طریقۂ کار کے مطابِق اپنے متعلقہ ذمّہ داران سے رابطہ فرمائیں، حل نہ ہونے کی صورت میں پاکستان مشاورت آفس کے اس فیڈ بیک نمبر پر رابطہ کریں: 03152692786

**اپنی اصلاح اور تنظیمی تربیت کے لیے اِن کُتب و رسائل کا مطالعہ بے حد مفید رہے گا**

| امیرِ اہلِ سنت کی دعائیں | رسائلِ دعوتِ اسلامی (جلد 1) | رسائلِ دعوتِ اسلامی (جلد 2) |
| --- | --- | --- |
|  |  |  |
| DOWNLOAD | DOWNLOAD | DOWNLOAD |

12 دِینی کام




DOWNLOAD

اصلاح کے مدنی پھول (جلد 1)




DOWNLOAD

اصلاح کے مدنی پھول (جلد 2)




DOWNLOAD

آقا کا جدول




DOWNLOAD

نگرانِ شوریٰ کی طرف سے مدنی پھول




DOWNLOAD

نیک بننے اور بنانے کے طریقے




DOWNLOAD

ہفتہ وار اجتماع کی تیاری کیسے کریں؟




DOWNLOAD

فیضانِ دعوتِ اسلامی (خصوصی شمارہ)




DOWNLOAD

وقف کے شرعی مسائل




DOWNLOAD

ثواب بڑھانے کے نسخے




DOWNLOAD

12 دِینی کاموں کی ترغیبات




DOWNLOAD

ایک ماہ کا اعتکاف جدول 2026




DOWNLOAD

آخری عشرے کا اعتکاف جدول 2026




DOWNLOAD

جشنِ ولادت کی تیاری کیسے کریں؟



DOWNLOAD

اجتماعی اعتکاف کی تیاری کیسے کریں؟




DOWNLOAD

12 دینی کام (مختصر ایڈیشن)




DOWNLOAD

یوسی مشاورت نگران کی تنظیمی ذمہ داریاں




DOWNLOAD

# PMS سافٹ ویئر کا تعارُف

پرفارمنس ڈیپارٹمنٹ، پاکستان مشاورت آفس کا ایک ذیلی شعبہ ہے۔ اس کی اہم ذمہ داریوں میں 12 دینی کاموں اور مختلف شعبہ جات کی یوسی (UC) سطح سے کارکردگیاں وصول کرنا، ان کی جانچ (Verification) کرنا، ترقی و تنزلی کا جائزہ لینا، اہداف میں کامیابی کو چیک کرنا اور بہتری و ترقی کے لیے مؤثر اقدامات کرنا شامل ہے۔

یقیناً اتنے بڑے نظام کو Manual انداز میں Manage کرنا نہایت دشوار اور وقت طلب ہوتا ہے۔ الحمدُلِلّٰہ! اسی ضرورت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ذمہ داران کی سہولت کے لیے PMS یعنی Performance Management System کے نام سے ایک سافٹ ویئر تیار کیا گیا ہے، جس کے ذریعے کارکردگیوں سے متعلق تمام معاملات کو ڈیجیٹل انداز میں Manage کرنا نہایت آسان ہو گیا ہے۔

آیئے! اس سوفٹ ویئر کے چند اہم Features اور استعمال کرنے کا طریقہ ملاحظہ کیجئے۔

## Global software

الحمدللہ! اس سوفٹ وئیر کی Base اس انداز سے Develop کی گئی ہے کہ یہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات اور 12 دینی کام کی کارکردگیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ الحمدُلِلّٰہ! اب تک پاکستان سمیت دنیا کے 50 سے زائد ممالک کی کارکردگیاں اس سوفٹ ویئر کے ذریعے Manage کی جارہی ہیں۔

## Dynamic hierarchy

اس سوفٹ وئیر کا ایک اہم Feature یہ ہے کہ اس میں ہر شعبہ اپنی طے شدہ ہِرار کی

کے مطابق کارکردگیاں Manage کر سکتا ہے، کیونکہ بہت سے شعبے کام کی نوعیت کے لحاظ سے اپنی ایک تنظیمی اِکائی رکھتے ہیں، مثلاً شعبہ روحانی علاج میں تحصیل سطح کے بعد ذیلی سطح "بستہ" ہے لہٰذا یہ شعبہ بستہ وائز اس سوفٹ ویئر میں کارکردگی درج کر کے تنظیمی لیولز کے مطابق بھی رپورٹس وغیرہ دیکھ سکتا ہے۔ اسی طرح جامعۃُ المدینہ، مدرسۃُ المدینہ اور ہر وہ شعبہ جس کی کسی بھی لیول کے بعد اپنی ایک تنظیمی اکائی ہے وہ اپنی ہر ارکی کے مطابق کارکردگی کو Manage کر سکتا ہے۔

## Multi languages

اس وقت دنیا بھر میں بے شمار زبانیں بولی جاتی ہیں، اور فطری طور پر ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ جس زبان کو وہ سمجھتا ہے، تمام مواد اسی زبان میں دستیاب ہو۔ الحمدُلِلّٰہ! اسی ضرورت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اس سافٹ ویئر میں مختلف زبانوں (یعنی Multi language) کی سہولت شامل کی گئی ہے۔ اس وقت یہ سافٹ ویئر تقریباً 12 زبانوں، جن میں اردو، انگریزی، عربی، چائنیز، ترکش اور بنگالی وغیرہ شامل ہیں، میں استعمال کیا جارہا ہے۔ مزید یہ کہ اگر کوئی شخص ایک سے زیادہ زبانوں میں اسے استعمال کرنا چاہے تو Language Change کے آپشن میں جاکر اپنی پسند کی Language منتخب کر کے بآسانی سافٹ ویئر استعمال کر سکتا ہے۔

## Multi rolling

بعض اوقات ایک ذمہ دار کے پاس ایک سے زائد ذمہ داریاں ہوتی ہیں، مثلاً جامعۃ المدینہ کے ناظم + تحصیل نگران۔ اس طرح کے ذمہ داران کو ایک سے زائد آئی ڈیز بنوانے کی ضرورت نہیں پڑتی، بلکہ ایک ہی آئی ڈی پر متعلقہ تمام ذمہ داریوں کے مطابق Rolls اسائن کردیے جاتے ہیں، جس سے ایک ہی وقت میں کئی ذمہ داریوں کے مطابق



www.dawateislami.net

سوفٹ ویئر استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## Performance frequency

کارکردگیاں مختلف قسم کی ہوتی ہیں، بعض کارکرگیاں روزانہ، بعض ہفتہ وار، بعض ماہانہ اور بعض سالانہ کارکردگیاں لینے کی ضرورت پڑتی ہے۔ الحمدُلِلّٰہ! اس سوفٹ ویئر میں روزانہ، ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ ہر طرح کی کارکردگی کو Manage کیا جاسکتا ہے۔

## Departmental performances integration

بعض اوقات ایک شعبے کو دوسرے شعبہ جات کی کارکردگیوں کی ضرورت پڑتی ہے، مثلاً شعبہ قافلہ کو تمام شعبوں کے قافلوں کی کارکردگیاں درکار ہوتی ہیں، یہ معلومات دستی (یعنی Manual) وصول کرنے میں بہت وقت صرف ہوتا تھا۔ الحمدُلِلّٰہ! اس سوفٹ ویئر میں یہ سہولت دی کی گئی ہے کہ تمام شعبہ جات کے قافلوں کی کارکردگی خودکار (یعنی Auto) طریقے سے شعبہ قافلہ کے ہر سطح کے ذمہ داران کو شو ہو جاتی ہے جس سے وقت کی بھی بچت ہوتی ہے اور Accuracy بھی برقرار رہتی ہے۔

اگر Privacy اور Security کے پہلو سے دیکھا جائے تو کسی بھی شعبے کی KPIs کی کارکردگی غیر متعلقہ شعبے یا ذمہ دار کے پاس شو نہیں ہوگی۔ مثلاً: جامعۃ المدینہ کی اگر 10 مختلف قسم کی کارکردگیاں ہوں تو شعبہ قافلہ کے ذمہ دار کو صرف قافلوں کی کارکردگی ہی دکھائی دے گی۔ اسی طرح فیصل آباد ڈویژن کے قافلہ ذمہ دار کے پاس صرف فیصل آباد ڈویژن کے جامعۃ المدینہ کے قافلوں کی کارکردگی ہی شو ہوگی۔



www.dawateislami.net

# 12 دینی کام اھداف

## روزانہ کے 4 دینی کام

| | دینی کام | ہدف کی سطح | ہدف |
|---|---|---|---|
| 1 | فجر کے لیے جگائیں | ذیلی حلقہ | فی ذیلی حلقہ کم از کم 4 اسلامی بھائی |
| 2 | درس | ذیلی حلقہ | مسجد درس: کم از کم ایک، چوک درس: فی ذیلی حلقہ 2 چوک درس<br>گھر درس: فی ذیلی حلقہ 12 گھر درس |
| 3 | تفسیر سننے، سنانے کا حلقہ | ذیلی حلقہ | فی ذیلی حلقہ تفسیر سننے، سنانے کا 1 حلقہ، کم از کم 12 شرکاء |
| 4 | مدرستہ المدینہ بالغان | ذیلی حلقہ | فی ذیلی حلقہ کم از کم 1 مدرستہ المدینہ بالغان<br>شرکاء: 12 تا 19 اسلامی بھائی |

## ہفتہ وار 5 دینی کام

| | دینی کام | ہدف کی سطح | ہدف |
|---|---|---|---|
| 5 | ہفتہ وار اجتماع | ذیلی حلقہ | فی ذیلی حلقہ کم از کم 12 اسلامی بھائی |
| 6 | ایک دن راہِ خدا میں | وارڈ | فی وارڈ کم از کم 5 اسلامی بھائی |
| 7 | ہفتہ وار مدنی مذاکرہ | وارڈ | فی وارڈ کم از کم 1 مقام، شرکاء کم از کم 10 اسلامی بھائی |
| 8 | ہفتہ وار رسالہ مطالعہ | ذیلی حلقہ | فی ذیلی حلقہ رسالہ پڑھنے/سننے والے کم از کم 26 اسلامی بھائی |
| 9 | علاقائی دورہ | ذیلی حلقہ | فی ذیلی حلقہ 1 علاقائی دورہ، شرکاء کم از کم 4 اسلامی بھائی |

## ماہانہ 3 دینی کام

| | دینی کام | ہدف کی سطح | ہدف |
|---|---|---|---|
| 10 | قافلہ | وارڈ<br>یوسی (UC)<br>تحصیل/ٹاؤن | 3 دن: فی وارڈ ایک قافلہ، شرکاء کم از کم 7 اسلامی بھائی<br>12 دن: فی یوسی ایک قافلہ، شرکاء کم از کم 7 اسلامی بھائی<br>ایک ماہ: فی تحصیل/ٹاؤن ایک قافلہ، شرکاء کم از کم 7 اسلامی بھائی<br>نوٹ: بلوچستان، KPK، کشمیر اور GB میں 3 دن کے قافلوں کا ہدف یوسی سطح پر، 12 دن کا تحصیل سطح پر جبکہ 1 ماہ کا ڈسٹرکٹ سطح پر ہوگا۔ |
| 11 | نیک اعمال | ذیلی حلقہ | فی ذیلی حلقہ نیک اعمال کے 26 رسائل تقسیم، 12 وصول |
| 12 | مدنی کورسز | ذیلی حلقہ | کورسز: فی تحصیل/ٹاؤن 2 کورسز (1 رہائشی، 1 جزوقتی)<br>شرکاء: فی ذیلی حلقہ کم از کم 1 اسلامی بھائی |

## فہرست


نگران بننے کی برکتیں اور اس کے تقاضے ............. 2
انسان کا منصبِ اصلی ........................ 2
خلافتِ الٰہیہ کا معنی ........................ 4
نگران کا دائرہ کار وسیع ہوتا ہے ........................ 5
نگران بننے کے فوائد ........................ 5
نفسیاتی فوائد ........................ 6
اخلاقی فوائد ........................ 7
نگران کو کیسا ہونا چاہیئے ؟ ........................ 8
نگران بننے کے دینی و دنیوی تقاضے ........................ 8
منصب کے کام ........................ 13
منصب کے اُمور اور اہلیت ........................ 14
منصب کی اہلیت ........................ 17
تحصیل مشاورت نگران کی تنظیمی ذِمہ داریاں ........ 17
لازمی امور کی تفصیلات ........................ 17
معاونت و معلومات ........................ 17
تقرری و تبدیلی ........................ 18
جدول ........................ 19
مدنی مشورے ........................ 19
12 دِینی کام ........................ 20
تنظیمی ایونٹس ........................ 21
اِداروں میں حاضری ........................ 23
مطالعہ ........................ 23
تنظیمی اپ ڈیٹس: ........................ 25
خود کفالت ........................ 25
آمدن و خرچ ........................ 26
کارکردگیاں ........................ 26
فیڈبیک ........................ 26
رابطے میں رہیں ........................ 27
ٹاسک: ........................ 27
ترغیبی امور ........................ 27
سنتیں اپنائیں: ........................ 27
محبتیں بڑھائیں: ........................ 27
انفرادی کوشش ........................ 28
وزٹ / داخلہ ........................ 28
تقسیمِ رسائل ........................ 29
PMS Software Features ........................ 32
Global software ........................ 32
Dynamic hierarchy ........................ 33
Multi languages ........................ 33
Multi rolling ........................ 33
Performance frequency ........................ 34
Departmental performances integration ... 34


**نوٹ:** رسالے کے بارے میں فیڈبیک اور تجاویز اس نمبر پر بھیجیں: 0310 8882033

## فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

ایک شخص نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی:
یارسولَ اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم!
لوگوں میں سے سب سے بہتر کون ہے؟
فرمایا: جس کی عمر طویل اور اعمال اچھے ہوں۔
پوچھا: سب سے بُرا کون ہے؟
فرمایا: جس کی عمر لمبی اور اعمال بُرے ہوں۔

(ترمذی، کتاب الزھد، باب ماجاء فی طول العمر للمؤمن، ص557، حدیث:2330)


فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
+92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net